4051-چھوٹے سے بچے نے گمشدہ سونے کا ٹکڑا اٹھالیا

سوال

ہم ساحل سمندر پر تھے کہ میرے بیٹے نے مجھے ایک چمکدار چیز دی جوکہ سونے کا ٹکڑا تھا ہم اس کا کیا کریں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ

جب چھوٹا بچہ یا پھر کم عقل اور مجنون کوئی گمشدہ چیز اٹھالے تو اس کی جگہ اس کا ولی اس کا اعلان کرے گا اور ضروری ہے کہ وہ ان سے وہ چیز لے لے اس لیے کہ وہ دونوں امانت اور حفاظت کے اہل نہیں ہیں ، اور اگر ولی وہ چیز بچے اور مجنون کے پاس ہی رہنے دے اور وہ چیز ضائع ہوجائے تو اس پر ضمان ہوگی اور اسے ادا کرنی ہوگی ۔

اور اگر ولی اس کا اعلان کرتا ہے اور مدت گزرنے کے بعد بھی مالک نہیں آتا تو وہ چیز ان دونوں کی ہے ۔ ۔ ۔ جیسا کہ بڑے اور عقل مند کا حق ہے اسی طرح ان دونوں کو حاصل ہوگی ۔

لقطہ اور گمشدہ اشیاء کے احکام کی تفصیل سوال نمبر (5049) میں گزر چکی ہے آپ وہاں دیکھ سکتے ہیں ۔

واللہ اعلم.